دررہ عاشقی شتاب غلط
در طریق خدا عتاب غلط
کچھ رکھتا ہے وہ نقاب غلط
حرص لاتا ہے جیون حباب غلط

اے علیم اس سرائے فانی کو
دیکھ دستا ہے جون سراب غلط

ردیف ظا

کیا کھلاڑی ذات کا کھیلا ہے بازی الحفیظ
کہین کرے پوجا صنم کی کہین نمازی الحفیظ
لن ترانی کہین کہیا اور کہین ہوا پردے سون عیان
کہین ملا خلوت مین آ کہین بے نیازی الحفیظ
ایک سون کہین گل ہوا اور کہین سمایا ایک مین
کیون کرے اب عقل اسپر امتیازی الحفیظ
اپنے جوہر کا اپے آیا ہے ہو کر جوہری
کس لطافت سون کیا بندہ نوازی الحفیظ

شمع جان روشن کیا فانوس مین تن کے تمام
یک سون یک دستے جدا ہر شکل تازی الحفیظ
تخم جب گلشن ہوا وحدت سون کثرت مین نزول
ہی حقیقت تخم سب گلشن مجازی الحفیظ
سب مین اور سب سے جدا ہو کر دکھایا آپ کو
ذات مین کسرے کی سحر سازی الحفیظ
دو جہا نکا حسن جو نقطے سون کینا آشکار
دیکھ اب چوڑائی اوسکی اور درازی الحفیظ
کہین علیم اللہ کہا یا کہین ہوا آپے کریم
کیا نہایت ہی کرم اور سرفرازی الحفیظ

ردیف عین

عشق جب حسن سون ہوا آے طلوع
ہی حقیقت مین حسن سعنا طیس
دل کے کعبے مین عشق کا طواف
عشق پیدا ہی عاشق و معشوق
کہین قعدے مین کہین کھڑا بہ قیام
کہین جماعت مین کہین رہے تنہا

طبع عشاق تب ہوے مطبوع
آہنی دل ہوا ہی جس سے رجوع
ہی عبادت وہان خشوع و خضوع
جسم بیجان ہین [illegible] وقوع
کہین سجدے مین کہین کیا ہی رکوع
کہین خلوت مین کہین رہے مجموع

قدر رکھتا ہے کیا کمال علیم
آپ صانع ہے اور آپے مصنوع

ردیف عین

جب حسنکا صنم کے ہوا نوبہار باغ
ہر گل سون ہر کے دلپہ ہوا ہر طرحکا داغ

جب کچھ نتھا تو آپ اتھا خود بخود نہان
ساقی کہان شراب کہان اور کہان ایاغ

دِستا ہے مجھکو صورت رنگ ایک سون جدا
سب تنکے تا بدان مین یکرنگ ہے چراغ

نقش و نگار دیکھ شمع کو گیا ہی بہول
غفلت سون دیکھتا ہے جدا عندلیب و زاغ

سب صورتان مین حسنکو دیکھا ہی اے علیم
پایا ہی بس ہین سب سون جدا عشق کا دماغ

ردیف فا

ذکر کے مصقلے سون کر دل صاف
دیکھ لے آسمین قاف سون تا قاف

ہوئے سب دل ستی کدورت دور
صاف دِستا ہی پردۂ شفاف

حق نہین جب تلک کدورت دل
دم عشق اوسکا ہی سراسر لاف

حکمت حق کا کیا کہ صانع ہے
نین کے عین پر ہی عین غلاف

عین ہی عین غیریت اپنا
لوح سون دلکے دھو کفر کا لاف

یار آن ہی کما کان
مختلف خلق کا ہوا ہے خلاف

ای علیم عاشقان رویت کو

ہے دو عالم مین دید وجہ کفاف

ردیف قاف

یار کے دیدار کا رکھہ اشتیاق
آرزو دہر وصل کی مالا یطاق

زندگی ہی وصل کی گویا ہی موت
یہان ہی جیسا فرق ہان ویسا فراق

یہان نہین دیکھا تو محشر مین کہان
جان ہو انجان رکھتا ہی نفاق

جی سے جاتا ہی گذر جس راہ مین
تو عبث کرتا ہی ایتا طمطراق

ای علیم اللہ چمن مین عشق کے
زاغ و بلبل کا بنے کیون اتفاق

ردیف گاف

عشق ہی دریای وحدت کا نہنگ
یا نیستان بقا کا ہی پلنگ

عشق ہی یا اژدہای جان ستان
عقل مین رکھتا نہین پھر کس سون جنگ

عشق رکھتا نہین کسی شمشیر سون
کارگر نہین جس اُ سپر تیر وخدنگ

یک نگہہ مین جس کو کرتا ہی نہال
ہین نظر مین اُسکے یکسان لعل و سنگ

دو نظر نہین دیکھتا اور بوجھتا
شمع سب قندیل مین ہی ایکرنگ

غیر کو جاگا کہان تس سینہ مین
آپ اپنے شمع کا ہی پتنگ

العلیم اللہ دنیا کے واسطے
چھوڑ دے سب غیر کا ناموس ننگ

ردیف لام

بیم کے دیکھنے کے تماشا کو جائین پل
اپنے پیا کو عشق سون اپنے رجھائین چل

جلسہ کیا ہی یار محلمین جلی کے آج
خلوتمین اب خفی کے پیا کو بلائین چل

پروانہین پیا کو کسیکے وصال سون
مَن سون اُسیکے اُسکو اپسمین رجھائین چل

دم کا سرود کر کے ازا دیکا تار باندھ
سرّی صدا کا صور بجا کر سنائین چل

ناسوت سے گذر کے تفرج سون ای علیم
لاہوت کے مکان مین سدا غل مچائین چل

بول ای درویش کامل مجھہ قلندر کا سوال
فقر کیا اول خبر قرآن مین دیتا ذوالجلال

فقر آخر بول کیا ہی اور خانہ فقر کیا
ہی کلید فقر کیا سو بول ای صاحب کمال
تاج فقر اکسکو کہتے اور ارادہ فقر کیا
کیا قلندر کا ہی مشرب بول اُنکا حال وقال
مرکب درویش کیا ہی اور راہ فقر کیا
قوت درویش کیا ہی اُنکا اور قوت حلال
فقر کا کیا ہی کمربند اور لقمہ فقر کیا
توشۂ درویش کیا ہی بول عارف بیمثال

ہیوہ درویش کسکو بولتے اور نقل کیا
بول کِس می کی ہے ہستی اور دلبر کا وصال
کیا ہے گذران قلندر اور کیا اونکا لباس
زیور دسہ بیش کیا ہے اور قلندر کا جمال
زندگی کیا فقر کی اور ہوت درویشی سو کیا
ہو تو اقبل کا نفع اور بول نقطے کا زوال
جب فنا ہووے یہہ سب باقی رہیگی شی سو کیا
دیکھ لے یہہ راز سارے مرشد کامل کے نال
مختصر از روی قرآن تشفی رکھہ کر ہر بیت
سوال ایک کمتر ہے بیراعارفان کے حسب حال
کا ملان سون مدعا بیر ابی مرشد کے طفیل
العلیم اللہ یقین کر نہین تو کہنا کیا مجال

اسی قلندر بینوا سُن کان دہر تیرا سوال
فقر اول ہے فنا فرقان مین قول لایزال

فقر آخر ہے بقا اور خانہ فقیری جمع دل
فقر کی کیلی ارادت بوجہہ اسی صاحب کمال
صبر لقمہ فقر کا اور جان ہمت زور ہے

یاد حق کا ہے غذا اُنکا سدا قوت حلال
ہے رضا تسلیم میوہ فقر کا اور نقل غیر
می محبت سون سٹک محبوب ذاتی کا وصال
ماسوی اللہ جگ گذرا اور اُنکا عُریانی لباس
فقر کا زیور خرابی اور منور ہے جمال
زندگی دیدار کی اور موت غفلت جان تو
جان لمپے سون گذرنا موتو قبل کا خیال
مَن علیہا فان اور باقی ہی وجہ اللہ سمجھ
ذات مطلق بولتے اور اسکو بیچون بیمثال
کاملان کو کسب سون حاصل ہے ہردم حال عشق
یہ جواب سوال سارا واصلان کون قیل وقال
بوجھنا باطن کا نہین ہوتا جواب و سوال سون
ای علیم اللہ نظر بن دیکھنا امر محال

ردیف میم

منعرف جب تلک نہین معلوم | قدعرف کر سکے کہان مفہوم
عارفان قدعرف سون ہین معروف | جیونکہ خدمت سون ہوا ن خدم
جوکہ لا شیخ بوجھ لا عرفان | علم اونکا جا پڑے موہوم

عقل و دانش خیال و وہم و گمان
ظاہر یکا تمام علم و کمال
عمر سب جسم کی بدل کھویا

پہنچ سکتا ہی کان ہما کو بوم
تخم کی طرح ہوویگا معدوم
فیض سون جان کے رہا محروم

من عرف کر علیم سون حاصل
قد عرف تجھ اُپر ہووے قیوم

ہی عبادت سون برس ستر بہتر ایکدم
حج اکبر تم یقین جانو کہ حاصل ہوئیگا
دل کے درپن کی صفائی یار سون دیکھا ہی جو
زیب و زینت کی صفائی خوش نہین دستی اُسے
زندگی تن کی سمجھتا وہ مثال خواب ہے

دیکھنا دیدار اپنے پیو کا اندر حریم
دل کے دیول مین کرے جو راتدن پوجا صنم
معتبر نزدیک اُسکے کچھ نہین باغ ارم
عشق سون رکھتا ہی جو کوئی چرخ گردون پہ قدم
دیکھتا ہے صورت ہستی کو شکل منعدم

ای علیم اللہ عطا تجھ پر ہوا دلدار کا
تب کریم اللہ کیا اپنا نوازش اور کرم

عشق آ ہم سون کیا جب رام رام
مجلس رندان مین زاہد نہین ستا
گر خلاصی حشر کی منگتا ہی تو
پوچھتا ہی کیا ہمارے رمز کو
گر دکھاوین یار کے کاکل کا تار

ہم کسی حاجی کو نہین کرتے سلام
ہی سبق اول وہانکا جام جام
رندگی کیے پی جی گل فام فام
بے سمجھ بے عشق زاہد خام خام
صبح کو عالم کھیگا شام شام

عی لقی

عاشقی کے محکمے مین ہین نکات | جان و تن اور عقل و دل سب دام دار

ای علیم اللہ زاہد کو لتاڑ
فاضلان مین خوش مچا یا دھوم دھام

جا خودی سون گذر خدا کی قسم
شمع و پتال پروانہ
دل تو کونین سون غنی ہو جا
بول ہت وصل آخرت مین سے
چھوڑ تن پنچ عالم دل کو
جب سون قالو بلی اقرار کیا

تن سون بیہوش ہو رضا کی قسم
ہو تصدق تجھے خدا کی قسم
دید بن مانگ مت گدا کی قسم
تجھ کو کہتا ہون ابتدا کی قسم
کراماہت تو اقتدا کی قسم
مان میری صدا کی قسم

دل سون اے علیم بیخود ہو
شوخ بیباک خوش ادا کی قسم

ردیف نون

اول کر مصقلہ دل کو جو ہووے صاف جو درپن
نزان تو دیکھ لے اسمین پیا کا رات دن درسن
نسجھا دیکھو نہین اسمین عجب سے باغبان نرگین
کہ جسکے حسن کا پرتو جہان سارا ہی ایک گلشن
کہا سو مصقلہ لکا نہین سمجھے نہین یاران

لگا تے نین مین مرشد وہی دیدار کا انجن
ملے دیدار سون جب تو عجب احوال گذریگا
دسیگا نور کا شعلہ زمین سون تا فلک روشن
گذر جنت جہنم سون رہیگا دید مین بیخود
چلیگا جگ سون بیغم ہو گدا گر عشق کا توسن
نہ رہے میزان کا پرواہ نپچھیگا خوف کچھ پل کا
رہیگا روح پر تیرے لباس نور کا جوشن
بجز یاہو و یامن ہو شغل بھی کچھ نہین وہانکا
رہیگا جان جانا ہو نپچھیگا جسم کا برتن
پیا سون مل رہیگا نت نہ رہیگا فرق یکدم کا
وہان کوئی حق بجز تیرا نہین ہے دوست اور دشمن

لکھتے ہین بعد مرنیکے ملیگا حق علیم عالم
دکھایا مکھ حیدر اپنا دو عالم کا جو ہے موہن

دلبر کو دلبری سون منا یار کر رکھون
ایک دم سون جگاون اگر مردہ دل کئی تن
رستا ہے دل میں ہر ایک کا ہر ایک کام مین ایک
وستا ہے مجکو یار کا رخسار گلعذار

ہمنیم کو اپنے ہیت سون گلہار کر رکھون
تا حشر یاد حق منے بیدار کر رکھون
اپنا خیال صورت پرکار کر رکھون
رنگی خوشی سون طبع کو گلزار کر رکھون

سنکلے کو من کے لاؤن پھر انیکا جب جیال
پیتم کے باج ہین ہے مرا اختیار کچھ
بے سر اگر اچھے تو اِسے سر کرون عطا

تسبیح بدن کی توڑ کے ایکتار کر رکھون
مجھ دلکو بیت کے امر مین مختار کر رکھون
دونون جہا مین صاحب اسرار کر رکھون

اندھے کے تئین علیم لگا عشق کا انجن
سب واصلان مین واصل دیدار کر رکھون

جو مکھ ہو ہین کو چندر جانتے ہین
شراب عشق سون جو کوئی سرشار
بزرگان راز دل کے ہین خبردار
جو کوئی پیتم سون لپٹے ہین یگانے
جو کوئی سرشار ہین وصل صنم کے
جو کوئی جام محبت کے ہین مدہوش
گذارے ہین جو کوئی اپنی خودی کو

سورج ایک اسکا اخگر جانتے ہین
غم و شادی کو یکسر جانتے ہین
وہ آہ و واہ کو کمتر جانتے ہین
وہ نامحرم کو پتھر جانتے ہین
زرم خنجر کو نشتر جانتے ہین
جہنم مثل مجمر جانتے ہین
وہ فرش خس کو افسر جانتے ہین

علیم اللہ سمجھتے ہین ترا قال
جو کوئی مشہود و منظر جانتے ہین

دیدار کو صنم کے درس نہ کہین تو کیا کہین
رخشان ہی قلب جس سون روشن نہ کہین تو کیا کہین
قد سرو زلف سنبل رخ گل ہی چشم نرگس

اس حسن کو سراپا گلشن نہ کہین تو کیا کہین
گنج خفی نظر مین آتا ھے جس ہنر سون
بخشش کو کاملان کے انجمن نہ کہین تو کہین
حق راز کے جواہر لاتے ہین بھار دل سون
سینے کو عارفان کے معدن نہ کہین تو کیا کہین
تیغ و تبر سے کٹتا نہین عشق عاشقون کا
الفت کو جان جان کے جوشن نہ کہین تو کیا کہین

گر اہل شرع پوچھین کہہ یون علیم اُن کو
معشوق کو ایس کے سوہن نہ کہین تو کیا کہین

جیا ہون کہ سیر عالم بالا اگر کرون
دھم کا تُرنگ چڑھکے ارادی کی باگ لے
جب آؤن عاجزی کے محلمین ہو خاکسار
ملنے کو آؤن جب شب تاریک مین اگر
ومریا مین دلکے حسنکا دلبر کے جوش و تاب
نادر ہے اس جمعا مین اگر لیلة القدر
صحرا مین خشک شاخ پیا کی نگاہ سون
جان غنیم دیکھنا ہے پیا کے جمال کو

مارے تلک پلک مین فلک سون گذر کرون
محفوظ ہو بلند مکان پر نظر کرون
پتیم کی گرد راہ کو کحل البصر کرون
دیدار سون پیا کے رین کو سحر کرون
سو جان سون تسکے عقل کو زیر و زبر کرون
اس مطلع الفجر ستی ہر شب قدر کرون
یک پلمین باردار شجر باثمر کرون
جایز ہی اس سفر مین فرایض قصر کرون

شش جہت کو محیط کیا ہے جمال یار
دستا ہے ای علیم نظر کو جدہر کرون

ملک مین تن کے اپس خوش عشق کا سُلطان ہون
جسم فانی ہی فاما صورت رحمان ہون
کیفیت معلوم ہی مجھ کو ازل سون تا ابد
جان کر احوال سبکا سب سے مین انجان ہون
چشم ظاہر سے اگر دیکھو تو دِستا ہون فقیر
گنج سون باطن کے اپنے مخزن عرفان ہون
گرچہ کیسے مین نہین رکھتا ہون جمع مال و زر
بخشنے مطلب دلانکا منبع الاحسان ہون
حرف اٹھائیس سون مجھ تن کی ظاہر شکل ہے
علم سون باطن کے برحق معنی قرآن ہون
نفس میری بندگی کرتا ہی تب سون رات دن
ملک مین دل کے ہمیشہ صاحب فرمان ہون
زیب و زینت سون اگر دنیا کے مفلس ہون سدا
دین کی دولت سون الحق شاہ عالیشان ہون
لفظ آرائی نہین رکھتا ہون رسمی علم کی

معرفت مین ذات حقکی معدن عرفان ہون
شرف بخشا خاک کو قدرت سے اپنے رب کریم
العلیم اللہ چرن پر دمبدم قربان ہون

ردیف واو

لگا کر عشق کا کجرا نین کو
ہزاران لیجاون ہر لحظے مین ایکبار
رہے عالم مین اوسکا سیر اور طیر
چمن سون ملکے عالم کو خبر نہین
کراؤن سیر دلکی بوستان کا
دکھاؤن یار کے زلفان سون اکیتا
نتھا آدم انتھا وہ ذات مطلق
صدف مین نین کے دکھلاون گوہر

دکھاؤن یہان ستی حب الوطن کو
کہ جب لگ روح ہے سون رشتہ تن کو
نہ چھیڑے اُسکے کوئی ستائے نین کو
ہمیشہ دیکھتے خاکی بدن کو
نچاوے وہ کبھی ہرگز چمن کو
نچاہے پھر کبھی مشک ختن کو
سناؤن یہہ صدا اب تجھ کرن کو
نہ راکھے آرزو در عدن کو

نہین گوہر وہ مین جیون چاند اور سور
علیم اللہ جہان کے انجمن کو

کرتا ہی زہد زاہد عالم کے دکھانیکو
شب گیہو رہتا ہے محراب مین مسجد کے
عشاق کے طعنے کا مقصود عجایب ہے

جیون مکر کرے تجبہ مردان کے رجھانیکو
طاقت ہی کہان اُسکو خورشید نجھانیکو
چھتے نین اُسے لذت باطن کے چکھانیکو

جو اُسکی فضیلت کی کرتے ہین شکایت کچھ | صحرای محبت کا اُنکے سیر کرانے کو

کامل کے ستانیکا ہے فیض علیم اللہ
جرّاح نہین ڈرتا زخمی کے دکھانیکو

راہ مین حق کے عزیزان آپ کو قربان کرو
یا نہین اُسپر تصدق اپنا جسم وجان کرو
سالکان کب لگ چلوگے رہ مین حق کے ہور چل
عشق کے تیزی کو اپسے چھیڑ کر جولان کرو
کان تلک خاطر رکھوگے آرزو مین تنگ کر
غنچۂ دل باد صبا سون عشق کے خندان کرو
عقل نفسانی تمن مین برقعۂ حیوان ہے
پھاڑ کر پردہ نظر کا آپ کو انسان کرو
خانۂ دل کو رکھو آباد حق کی یاد سون
عشق کی آتش سون تن کو جال کر ویران کرو
توڑ کر تن کو کرو باریک پردے کے مثال
شمع نورانی لگا فانوس تن تابان کرو
دیکھتے رہو روز و شب انکھیان سون تم رب کا جمال
نین کے تھالے مین اُسکو جیون در غلطان کرو

پھیرتے رہو دید کا منکا نظر کے تار مین
رات دن انکھیان کو اپنے اسطرف گردان کرو

بھید کہتا ہی علیم اللہ عزیزان بیحجاب
سنکے اپنے شوق کی شمشیر کو عریان کرو
تم اگر چاہو مکان لا مکان مین گھر کرو
شمع کی مانند سب اپنا سراپا سر کرو
عشق کی منزل مین گر رکھتے ہو چلنے کا خیال
مرشد کامل کو اپنے راہ کا راہبر کرو

جس طرح مرشد چلاوے تم چلو اُس چال سون
راہ و منزل کی نشانیان پوچھ کر ازبر کرو
صدق دل سون راتدن ایسی رکھو الفت کمال
پیر کی صورت کو اپنے نین کا مظہر کرو
حجرۂ دل کی صفائی صدق کا جاروب ہے
جھاڑ کر کچرا وہان کا دید کا بستر کرو
اُس بنا دو جانہ راکھو دل مین جا گہ غیر کو
حبّ دنیا کو جلا خاشاک خاکستر کرو
پیر کا ارشاد ہی جیون ابر نیسان کے مثال

دن بدن دل کے صدف مین ہوند کر گوہر کرو

بھار نکلے بعد ازان دیکھو نظر سون اُسکے تئین

بے بہا دُرِّ عدن کو نین کا اختر کرو

یہہ مکان لامکان کے رہ کی حکمت ہے علیم

گر ہو تم اہل یقین اِس رمز کو باور کرو

ایضاً

عقل جزوی چھوڑ کر ای یار فکر کل کرو

مشعل دل کو جتا فانی چراغان گل کرو

دل لگاؤ ایک سے دونو جہان جسکا ظہور

بو الہوس ہو کر نہ ہرگز عادت بلبل کرو

می محبت سون ہمیشہ عشق مین سرشار ہو

نشۂ فانی سون ست خاطر کو خوی مل کرو

زلف و عارض ہی منور دیکھ وجہ اللہ کا

تم نکو سیر چمن اور خواہش سنبل کرو

قول پر لا تقنطوا کے رہو ہمیشہ جمع دل

ست تمہین خاطر پریشان صورت کاکل کرو

خوف ست رکھو کسی دشمن سے دل مین یکرتی

پشتیبان اپنا ہمیشہ صاحب دُلدُل کرو
ایعلیم الله اوّل عشق مین ہمار ہو
عاشقون مین بعد اپنے عاشقی کا عل کرو

ایضاً

سنو عزیزان سخن ہمارا اجل کو ہرگز نکو بتاوٗ
شتابی مرشد سے جاکے پوچھو خدا کے ملنے کی رہ بتاوٗ
نکو کرو کبر و غرور ہان کچھ غروری اپنے کے تئین بھلاوٗ
بزان لگاو دل سون دل اپس کا پرت لگن دن بدن جگاوٗ
رکھو صفائی سون دلکو اپنے سنو تمہین اپنی سرکشی کو
ہُنمر کی مانند تنکو اپنے خدا کی منزل منے کٹاوٗ
نہین کبرکو ہے ٹھکانا خدا کے لوگان کے پاس ایک تل
اگرچہ سنگتے ہو فیض رب کا اُسکو قربان کر اٹھاوٗ
اچھے خوشی اُنکی جسطرح بن اُسطرح سے چلو تمہین بھی
بنا کے معشوق سا اپسکو اُنھون کی خاطر کے تئین جھاوٗ
اگر تمھارے نصیب یاور اچھین تو اُنکی تم ایک نگاہ سون
کریگے وے سرفراز ایسا دو نو جہان کی مراد پاوٗ
کریم اپنی کیا نوازش علیم تجھپر کرم سون اپنے

ہمین

تمھین عزیزان اسیطرح سون الیس نین کا نگر بساؤ

یار جب نینون مین آیا ہو بہو
جیون سناتیون آمین پایا ہو بہو

قال کان ہوتا مقابل حال سے
نور کا سب چھایا ہے سو بہو

مطرب ذاتی اپسکے عشق سون
تار سرمی کا سجایا ہو بہو

حسن جو رکھتا تھا اپنی ذات مین
سات صفتان مین دکھایا ہو بہو

جو انتھا مخفی و باطن مین تمام
وہ سگل اپنے سون پایا ہو بہو

جون شجر مین تخم حاصل ہی کمال
تیون علیم اللہ بتایا ہو بہو

بیخودی جا خمار سون بولو
درد بلبل کا خار سون بولو

دل شگفتہ ہوا چمن سون تیرے
سینہ چاک انار سون بولو

مکھ دکھاتا ہی یار گھونگھٹ کھول
نیر تابدار زر سون بولو

راز دل تھا سدا لب منصور
لفظ انا الحق کا نار سون بولو

ہے ولی کا جواب علیم اللہ
شعر نازک شعار سون بولو

سب پیر اور رہنما نیچ میرا سوال لو
صورت جلال کی کیا اور کیا جمال لو

خاکی بدن سفید کیون ہوئے جمال حق کا
مطلق کی کیا شکل ہی اُسکا مثال لو

مخفی مین کیون اتھا حق میر بتا کسطرح سون
پھر روح کیون ہوا ہے دل کا خصال لو

اربع عناصر ان یون نکلے کہو کہان سے
مرتا سو کون اسمین کسکو وصال بولو

اول ہی روح علوی سریکا نام سفلی
ایک روح دو صفت کیون پکڑا اکمال بولو

خاکی انکھیان سون جو کچھ دسیتا سو سب فنا ہے
دستا ہی کس نظر سون وہ جگ اجال بولو

ہی شئی مین ذات حق کی معمور ہے ولیکن
ملتا ہے کس محل مین ابرو ہلال بولو

سب جسم مین محمد موجود ذات حق ہے
اسلام اور کفر کا پردہ سنبھال بولو

نکتہ علیم کا نہین قران مین سماتا
العلم نکتہ کا معنی محال بولو

ردیف با

ابتلک حق نہین پچھانے واہ واہ
جان کو اپنی نجانے واہ واہ

تم جو کرتے ہو فرض روزہ نماز
محض عالم کو دکھانے واہ واہ

سفت کہو ئی عمر دانے گہانس مین
پھر کہاتے ہو سیانے واہ واہ

مال و زر فرزند کی رکھہ کر طلب
ہو رہے حق سون الگھانے واہ واہ

حق کی خلقت مین مگر پیدا ہوئے
تم محض کھانے پکانے واہ واہ

کھوپری الٹی اندھی کے ہاتھہ سون
اینٹ چلنے ہو اٹھانے واہ واہ

ہین بیگانے اقربا خویشان ستی
آپ اپنے سون بیگانے واہ واہ

پوچھتے ہین سب نفع نقصان کو
سر دیئے پیسا کمانے واہ واہ

عاشقان کو بولتے ہین العلیم

خلق دنیا کے دولے نے واہ واہ

مجھکو دستا ہے زمانیکا عجب احوال کچھ
آج کچھ کل کچھ صبا کچھ ماہ کچھ اور سال کچھ

عالم نفسانیت کا ہے نپٹ کجرو خیال
بات کچھ دل کچھ زبان کچھ فعل کچھ اور حال کچھ

فاضلان اس عصر کے گویا ہین رہزن دین کے
کسب کچھ گذران کچھ اور حال کچھ اور قال کچھ

پوتے ہین غوث کے یا نسل خواجہ علے کے کتنے
کچھ ہوا انکا نہین تحصیل استقلال کچھ

سوار ہو پاتال کے پہرتے ہین جون پہانسی گران
چھوڑتے ہین انکو ہرگز دیکھتے ہین لال کچھ

وصل اور دیدار کا تو آب کے رکھتے ہین شوق
کشف کرتے وہان اپکا اہل کچھ اطفال کچھ

خلق کو گمراہ کرنے بس ہین ایسے بزرگان
کبر مین اُن سون زیادہ نہین جبر و جال کچھ

کیا ارادہ طالبان کا ہی طلب اور اعتقاد
پوچھتے ہین اُسکو بزرگ جسمین کتنے ہی مال کچھ

اسم فقرا کا کئے بدنام مل کر قوم سب
جال کچھ اور قال کچھ افعال کچھ اعمال کچھ

کاملان خاموش اور بکتے ہین جاہل معرفت
ابتدا کچھ انتہا کچھ جواب کچھ اور سُوال کچھ

وصل حق بابان سون یا شوق رکھتے غافلان
صدق کچھ ایمان کچھ تقریر کچھ تمثال کچھ

نہین شکایت ہی کسو کی حال دنیا کا ہی یو نچہ
العلیم اللہ نہین خاموش بن خوشحال کچھ

سدا رکھ دل کے چشمے کو تو مالامال یا اللہ
محبت کا اثر دے مجھ مین بالا بال یا اللہ

بیان افعال کا اپنے کرون اظہار مین کا تک
چھپا نہین تجھ ستی ایکدم مرا احوال یا اللہ

مرے فعلان ستی شاید اچھے ابلیس شرمندہ
جہان مین کوئی نہین مجھ بن ہے بد افعال یا اللہ

کرم اور فضل سون ہی تیرے عمل کچھہ نہین تقوی
کیا نہین خیر کچھہ تجھہ رہ مین ایکمثقال یا اللہ

تیرے دیدار کی دولت سون ہردم ہی مجھے شادی
نکو دے مجھہ کو غفلت کا یہہ زر اور مال یا اللہ

غنی رکھہ فیض سون مجھکو نمانگون تجھہ بناھی کچھہ
پھرانت حرص کے دارہ مین طمع کی مال یا اللہ

تلطف سون اپس کے جب کیا آزاد تو مجھہ کو
سٹاہون توڑ دنیا کے سگل جنجال یا اللہ

شمع ایمان کی بیری درخشان اور تابان رکھہ
نہو خطرون کی بازی سون اُسے اشکال یا اللہ

حسد اور بغض کو دلمین نہین تہار ایکساعت
توجہ سون تیرے خاطر ہوا غربال یا اللہ

سرکب جسم انسان کا خط نسیان سون پایا جب
کرم تیرا نہین محتاج بر اعمال یا اللہ

مجھے ہرحال تیرا حسن تازہ نو بنو دستا
نہین ماضی کا کچھہ مجھہ کو اور استقبال یا اللہ

علیم اللہ مکرم ہی کرم سون ای کریم اللہ
کیا ہے اسیہ تو بیحد تیرا افضال یا اللہ

جمع فقرا مین سدا دھوم دہام عشق اللہ
ہی یہی عشق کی صورت فقرا عشق اللہ

عشق ہی تجھکو اگر دیکھنے وجہ اللہ کا
جمع فقرا مین ہر ایک طرف تجھا عشق اللہ

ترک کر عشرت و آرام کئے رنج قبول
دیکھہ لے ہمت مردان خدا عشق اللہ

کفش و دستار پھینک ہوگے برہنہ سر و پا
چاک کر جامہ فانی کو جلا عشق اللہ

صورت عشق ہی تا ارض و فلک عشق اللہ
جب ارادہ ہوا یون بول اٹھا عشق اللہ

عشق تا تجھکو نہ مجھکو ہی صدا کو ہی عشق
فانی عشق دو عالم ہی بقا عشق اللہ

عشق عریان ہی علیم اُسکو نہین قید لباس

عشق و گیرے لباسوں میں کہا عشق اللہ

نورِ حق بےحجاب عشق اللہ
یار دلبر شراب عشق اللہ

مہی محبت کے آسمان پہ ظہور
پھر تو آفتاب عشق اللہ

جب دکھاتا ہے رب جمال اپنا
دیکھ لے بے نقاب عشق اللہ

عشق ہیں دلربا کے ای زاہد
سرنگوں شیخ و شاب عشق اللہ

بزمِ لاہوت میں سن ای درویش
ہے صدای رباب عشق اللہ

جو سنا ہے صدائی سرنگون
وہ چہ پایا شتاب عشق اللہ

فیضِ مرشد سوں مستفیض ہوا
دل سوں پایا جناب عشق اللہ

عشق کا جوش دل کے دریا میں
بولتا ہر حباب عشق اللہ

بول اُس کا جواب علیم اللہ
جو کہا ہے تراب عشق اللہ

رقیبِ نفس کا مکھ موڑتا رہ
ہوا اور حرص کے تئیں توڑتا رہ

اُٹھا سنگِ ریاضت دست دل سوں
سدا اس شیشے کو تن کے توڑتا رہ

شجاعت ساتھ لیکر ذکر کا تیغ
سرِ کُ غفلت کے دل پر چھوڑتا رہ

لگایا ہے اگر رشتہ پرت کا
نظر کے سلسلے سوں جوڑتا رہ

علیم اللہ ہو وے ایکدم دور
یہ بدخصلت کو یکیک توڑتا رہ

دہرے جب ناز سوں پیتم قدم آہستہ آہستہ
صبا جوں شاخ گل کرتا ہے خم آہستہ آہستہ
میرے جانب لطافت سوں چلا آتا ہی دلبر جب
تو جوں بیجان کو بھر آتا ہے دم آہستہ آہستہ
بغل میں بیٹھ کر دلبر نہایت دلربائی سوں
کلام نغز با ذہن کرتا ہے صنم آہستہ آہستہ
رقیب روسیہ دب کر کھڑا رہتا ہے چوری سوں
نپٹ لاچار ہو کرتا ہے دم آہستہ آہستہ
سراج اب سرد بے روغن ہوا ہے ای علیم اللہ
اُٹھا شہرت کا تو اپنے علم آہستہ آہستہ

ردیف یائی تحتانی

جب عشق کے انجمن کا تمن ہت ہنر آوے
تجھ عشق کا جی نوش نظر ساتھ ملیگا
تا حشر اچھے حق ستی ہو ناظر و منظور
پیتم کے انتظار کا جسے شوق ہے دل میں
پہنچیگا وہی ساحل مقصود کو بیشک
ہو ویگا دل اس قید سوں دنیا کے تب آزاد

وہ مخزن اسرار الٰہی نظر آوے
جب عشق کی ہستی کا نین میں اثر آوے
منزل میں حقیقت کے اگر بے بصر آوے
پرواز ہو بلبل کی نمن منتظر آوے
جو بحر حقیقت کے سفر سوں گذر آوے
زنجیر سوں ہستی کے نکل کر بدر آوے

کلیات سراج

عشاق کے دل بیچ صحیح وہ چہ ہی عاشق
پروانہ نمن سر سون گذرے بے عذر آوے

جب کبر رقیبونکا نکل جائیگا دل سون
تب باغ محبت کے شجر کو ثمر آوے

تالاب را دیکا بہرے پل مین لبالب
جب یار کے دریای کرم سون لہر آوے

عشاق کے سجدیکو وہی قبلہ و کعبہ
وہ نور منزہ جو نظر مین جدہر آوے

پروا نہیں ہے شہ اریجز مجہکو علیم آج
ملنے کو اگر ہمستی شمشیر قہر آوے

لامکان لگ عاشقان کے عشق کا پرواز ہے
آسمان اور عرش و کرسی انکا پا انداز ہے

ایک تفکر انکا افضل طاعت از صد سال
سب خلایق پر انہونکا اس سبب اعزاز ہے

عالمان اور عابدان کی بندگی سب قیل و قال
عاشقان کے دلمین روشن جو کہ مخفی راز ہے

سو تو قیل انت سو تو حال ہے عشاق کا
عالمان کے گوش مین اس حرف کا آواز ہے

بوالہوس کو شمع سے دل باندہنا ممکن نہین
عاشقانکا اس سبب زاہد سدا غماز ہے

خیر و شر سون عاشقان ہرگز نہین او بوجہتے
رنج و راحت عشقمین معشوق کا سب ناز ہے

دل لگے اس معرکے سون کئی ہزاران ای علیم
جو رہا سو نام اُس کا عاشق جانباز ہے

گرد سون غیرت کے جسکا دامن دل پاک ہے
بیدہڑک کو چمین آنے یار کے بیباک ہے

گرچہ ظاہر مین نہین کہتا ہی کچہہ عقل و تمیز
حق کے جاننے کا دیوانہ صاحب ادراک ہے

نار سے ہرگز صدا اور المداین دل ایکدم
یار کے توسن کا جسکے ہاتہ مین فتراک ہے

جب کتان دل پہ ہوا پرتو مہ رخسار کا
مثل گل صد برگ دل عشاق کا صد چاک ہے

ناصحان ضایع عبث کرتے ہین اپنا قیل و قال
عشق کے طوفان مین عقل و خرد سب خاشاک ہے

پیچ گردون سے نہین پروا ہی کچھ عشاق کو
آرسی مین دیکھ اُلٹا گردش افلاک ہے

فیض جسمانی سون عینی کا ہوا حاصل کمال
العلیم اللہ اگر ظاہر وجودان خاک ہے

بیتاب دل کو جسکی تجلی سون تاب ہے
نقطہ صفت کا اُسکے ہر ایک آفتاب ہے

حق نے نہین کسی سون کیا ابتک حجاب
دیکھو تجھا نین کا سدا فتح باب ہے

ساقی کو کر سجود ای زاہد شرابی
کہنا نا حرام رہ مین خدا کے صواب ہے

کرتا ہی حق قبول ارادے کے خیر کو
یہہ زہد و ریا کی خیر نہین سب عذاب ہے

دیدہ طمع کا گنج سے قارون کے نہین بھرا
دو نو جہان مین حرص کا خانہ خراب ہے

دیدار دیکھنے کے نین بخشش پیر کا
محروم حق کے نور سون چشم شراب ہے

حق کے نظر سون حق کا سدا دیکھنے جمال
گر نہین تو چشم خاک مثال سراب ہے

عاصی اگر علیم سے ہر بال بال کا
حق کے فضل سون اُسکی دعا مستجاب ہے

عجب دیکھا پیا اُلفت تمھاری
لگی جن لب شکر کے تئین پیاری

پلایا تو نے جسکو عشق کا جام
نہ اُترے حشر لگ اُسکی خماری

تیرے ہر کام مین دستا الٹ بھید
پیا تیری عجب حکمت ہے نیاری

ایک کے حسنکا لا دل سنے شوق
دیا ہی عاشقان کو بیقراری
اُسے کہتے ہین سب عالم شہنشاہ
ہوا تیرے جو در سنکا بھکاری
نوازا تو بشر کو جان و دل سے
کرے کیا شکر اور خدمت گذاری
عطا پھر تسپہ کیتا دین و ایمان
عجب نہین تجھ پہ کرنا جان نثاری
شکم کیواسطے جو جان دیتے
اپھے کیا عاقبت مین انکی خواری
جو کوئی خوشحال مین یہان نہین رسون
کرینگے عاقبت مین آہ و زاری
کیا نہین یاد مین ایک دم خدا کی
گئی غفلت مین میری عمر ساری

علیم اللہ کے تئین تحقیق یارب
تیرے رحمت کی ہی امیدواری

محیؑ الدین سا ہادی و رہبر ہی تو کیا ڈر ہے
چھتر تس مہر کا مجھ سر پہ افسر ہے تو کیا ڈر ہی

محیؑ الدین کے سائے مین ہی امن و امان ہر دم
اگرچہ حشر ہی یا ہول محشر ہی تو کیا ڈر ہیا
نکیر منکیر کی پرشش سون نہین ہی باک کچھ ہمکو
قبر مین نور کا شعلہ منور ہے تو کیا ڈر ہے
قیامت کی اچھین گرمی سون پیاسے اُنتی سارے
پلانے ہمکو ساقی آب کوثر ہے تو کیا ڈر ہی

کہتے ہین پل صراط او پر گذر نا بہت مشکل ہے
پرندے روح کے اُڑ نیکو شہپر ہے تو کیا ڈر ہے
جگت کے سب سگان ملکر کرین غوغا اگر ہم پر
محی الدین سا پشتی غضنفر ہے تو کیا ڈر ہے
نہین دوزخ کی آتش کا خطر کچھ ہے علیم اللہ
تجھے دیدار کا تقویٰ مقرر ہے تو کیا ڈر ہے

عجب کچھ عشق کی خوشتر ہے وادی
تجھے اس نفس کے حرص وہوا نے
اگر تعلیم غواصی کا سیکھے
ہوا جو تخت پر قربت کے سلطان
خدا کے راہ کی کچھ چال تو سیکھ
ہوا جب عشق کا نوخیز گلزار

کہ جس کا دل مین ہے ہر وقت شادی
پھرا کر راہ سون حق کے ڈبا دی
نکر بازار و کوچے مین منادی
نہین خاطر مین شاہ کیقبادی
وگرنہ آمدی از رہ فتادی
بھلے سب عندلیبان اوستادی

علیم اللہ کو تیرے ایک نگہ نے
جو کچھ تھا زنگ دل کا سب زدادی

پیا کے ملک جیدر ا و پر چکورے
خدا کی راہ مین دینا جان و تن کو
گذر جاتی اِتنا دو دن کی نوبت

تمہین زر بفت خاطر ہت بکورے
اول حق ہے تو حق سون ہت شکورے
بجاتی ہے اجل سر پر ٹکورے

کتابون کو کئے تم نفس کا قوت
جو گر نہ پہچے سب نظم و نثر کو
اپے ہو کون بارے ٹک تو سمجھو

دو دون کے واسطے ہرگز نکو رے
خدا کی راہ مین کچھہ بہت بکو رے
یہہ مارگ عاشقان سے جا سکو رے

علیم اللہ سون تم سنکر شتابی
نکو پھر اپنے وعدے سون چکو رے

عاشقان کی راہ مین کب آؤ گے
پھر کہان معشوق اپنا پاؤ گے
جب تلک فرصت ہے دم کو دیکھنا
عمر آخر ہوئے پر پچتاؤ گے
بیخبر گریبان سے جاؤ گے گذر
خون دل اپنا حشر مین کھاؤ گے
آہ و زاری سون خلاصی نہین وہان
زندگی تن کی کہان سے لاؤ گے
سوال جب اعمال کا آکر کرین
تب اُسے تم جواب کیا فرماؤ گے
ہو ویگی جب تمپہ ثابت معصیت
بیعذر سوی جہنم جاؤ گے

بہت برا مانو علیم اللہ سون
کب تلک تم تان اپنا گاؤ گے

ایضاً

بحر سی پچھانے نہین اُسے گل کے سو وہ دمساز تھے
چنچل چھبیلے چلبلے مغرور صاحب ناز تھے
نہین خوب دیکھے تم اُسے وہ عاشقون کا تخت تھا

مثل سلیمان بر ہوا در نمشب پرواز تھے
کیا پارسا کا پیرہن اور تجھہ گدا کی گودڑی
مل کے سوا اپنے پانو تل جسمانیان سو پار تھے
نا مل کے تمکو دور سے جو بھول گئے اپنا پیر
وہ گوشہ وابرو کھینچکر مژکان تیرانداز تھے
نادر علیم اللہ کہا یہہ شعر بحر یکا جواب
عشاق دلبر سون سدا خود ہمدم و ہمراز تھے

انا المعبود کہتا ہے کہو پھر اور کیا کہئے
لکھا ہے نحن اقرب وہ تو حق سون بعد کیون ہوتا
یہی انسان ہے بیشک سمجھلے بھید ہولی کا
یہہ تمثیلات عقلی سب خدا کے کچھہ بقابل نہین

تو افلا تبصرون مت ہو تجھے کس طور کیا کہئے
خدا ہی اپنا تجھہ سون کہو نی الفور کیا کہئے
اسد ہے شمش کا خانہ جدیکو ثور کیا کہئے
کہو لعل بدخشانیکو سنگ بلور کیا کہئے

لٹک و ناز ہے اتنا علیم اللہ جب آمین

غصے کے حال مین اسکا جفا اور جور کیا کہئے

جب پیارا گلا سناتا ہے
ہوش جاتا ہے سر سون سب یکبار
تب عدو دیکھہ کر مجھے سیرا
خاک ہوتا ہی بلکہ جل اسوقت

عشق تازہ بدن مین آتا ہے
جب گھونگھٹ کھول مکھہ دکھاتا ہے
مارے کے مثل پیچ کھاتا ہے
مجھہ کو خلوت مین جب بلاتا ہے

مجھ کو لیجا پیا اپس گھر مین
کر مجازی مین فن حقیقت کا

بادۂ وصل پھر پلاتا ہے
حاسدان کے دلان جلاتا ہے

شعر تیرا عجب علیم اللہ
شعلۂ عشق کو جتاتا ہے

ایضاً

پیا کے رخ کے جھلک کا پرتو کیا ہے جھلکار آفتابی
نظر سون عالم کی ہو رہی ہے مثال خفاش بیحجابی
جسے وہ چھپتا ہے مکھ دکھانے اُسیکو ہے تاب دیکھنے کا
وہی سمجھ بخش مرشد اُنکا طلب ہے تو مانگ جا شتابی
اگر ملے تجھ کو چشم باطن وہی ہے مقصود عاقبت سے
وگرنہ تحقیق دو جہان مین نہین ہے حاصل بجز خرابی
اُسیکو کہتے ہین کور باطن جسے نہین ہیگا دیدہ اُسکا
نپاویگا وہ نجات ہرگز اگرچہ ہو وہ علم سے کتابی
کریم مرشد نے چشم باطن کیا نوازش علیم کے تئین
دسا حقیقت کے گھر کا خورشید گئی نکل کر نظر سرابی

ہین حکیم وقت لیکن نبض دل نہین جانتے
خیر اور خیرات سون عالم کھلاتا نیکنام

اپنا ثانی کوئی عالم مین نہین ہین مانتے
قوت بن باندی وجود و گھر مین اپنے مانتے

مرتبہ اپنا بتاتے بیٹھ کر بنگلے اوپر | کچھ اگر چلتا اُنھونکا چرخ پر گھر باندھتے
کہین اگر تمہارے ہین ہو گھابرے ڈھونڈہین شہر | عاشقان واحد سا جنگل مین کیا جوش ماندے

ای علیم اللہ عالم زندگی کے واسطے
جان دیتے پلمین اپنی اب کرم صرجانتے

خیالات رنگین نہین بولتے اُس کو جیون باس پھولون کے رنگون مین رہئے
دو رنگی سون جانا گذر دل سون اوّل ہزان جاکے وہان ایک رنگون مین رہئے
وہ وحشت کے جنگل مین ہو کر پریشان پہاڑون سے نمکے نہو سنگ ہر گز
شرر ہو کے چھڑ سنگ تنکے سون جلدی سگل روح ہو برق رنگون مین رہئے
نہین سوج دریا کی وحشت اُسے جو کہ مارا ہی غوطہ ہو غوّاص دل مین
تہ بحر وحدت مین غوّاص ہونیکو تعلیم پانے نہنگون مین رہئے
شہادت ملے چار تن سون تجھے گر کرے قتل تو پانچ سو ذیان کو دل کے
شہیدون کے رہ ساتھ ہر وقت ہمدم ہو جیون شیر شیران جنگون مین رہئے
فلک چرخ مجرو سون دیکھے اگر خوب نیرنگ بازی زمانے کی حکمت
گذر غیر صحبت سون مدہوش ہو جا پہاڑون مین جا کر جھنگون مین رہئے
سمجھ ای علیم آج راہ حقیقت نپٹ سخت مشکل ہے جان سون گذرنا
پتنگ ہو کے جلنے مین واصل رہین حق سون ہو مرد واحد یکنگون مین رہئے
مہربان رب کریم میرا ہے | پشتبان قدیم میرا ہے

دل شگفتہ ہوا ہے جسدم سون
وہ چہ باد نسیم میرا ہے

دل سے لوجا ہون صحن میخانہ
جائے جنت نعیم میرا ہے

لوح محفوظ کی نہین خواہش
قلب عرش عظیم میرا ہے

خوف سے حق کے جو انجہو روئے
عین دُر یتیم میرا ہے

جب مِلا علم مجھ کو نکتے کا
نام تب سون علیم میرا ہے

ایضاً

کھول انکھیان دیکھہ لے ہر شیٔ مین حق کی ذات ہے
مظہران دستے سو سارا خلق موجودات ہے

جسم احمدؐ کے نظر آتے ہین یہہ سارے وجود
جان واحد ہی احد تشبیہہ سون موجودات ہے

عشق کے کوچے مین جب جاتا ہے دل کرنیکو سیر
وہان نہین معلوم ہوتا روز ہے یا رات ہے

خلق تھا جون حق منے اب خلق مین حق ہے تمام
سحر ہے فن ہے ہنر ہے کیا نپٹ صنعات ہے

العلیم اللہ کسی سون حق نہین ہے در حجاب
عشق حق جسکو نہین ہے اُسکی کیا اوقات ہے

ایک سید ... ...

ترکیب بند

تجلی سون دل جسکا پر نور ہے
وہ جسم کثافت ستی دور ہے

اوسے کیا ہے معلوم ستر نہان
وہ دونو جہان بیچ مسرور ہے

لگے گرچہ ظاہر کو ویران کر
و لیکن وہ باطن مین معمور ہے

ندیکھے کبھو جام جم کی طرف
اگر قیصر و چینی فغفور ہے

نپچا ہیگا وہ گنج قارون کو
غنا کے طریقت کا دستور ہے

سمجھے ہین وے خاک و زر یکسان
اسم اُنکا دو جگ مین مشہور ہے

اُلٹ بھید حق کا ہے سارا ظہور
حقیقت کو پہنچا سو منصور ہے

نہ سمجھیگا احوال کو قرب کے
جو کوئی راز سون حق کے مہجور ہے

عجب ہے ترا وصل ایجان من
سراپا ہوا جسم میرا نین

دسا مجھکو خوش چہرہ لامثال
صفت تِس کی کروڑان بدیع الجمال

نہین مجھ کو درکار کچھ منزلت
دونو جگ مین کافی ہے اتنا کمال

کہو اور کیا اس سے حاصل زیاد
نظر مین بسے نت پیا کا جمال

اتھا دل مرا ہجر سون خار و خس
ہوا فیض سون تِس کے نوری نہال

ہوا وصل سون جب ستی بہرہ ور
پیا باج نہین دل کو دوجا خیال

عنایت ستی ذرۂ خاک کو
نوازش کیا مہر سون جگ اجال

نظر کر کے دیکھا تو مین کچھہ نتھا
وہ پایا اِس ساتھہ اپنا وصال
اِس نور سون آپ رکھتا ہی عشق
یہان غیر کے دخل کو کیا مجال
جو منزل مین غفلت کے مین پن مین ہے
وہ کھینچیگا آخر کے تئین انفعال
انا الحق جو بولا سو منصور سے
وہی قرب حق ہے سمجھہ لایزال

عجب ہے تیرا وصل ایجان مین
سراپا ہوا جسم سیرا نین

مخمس

نیّر برج کرامت مطلع ماہ مُنیر
دُرّ دریای ولایت معدن روشن ضمیر
والی ملک ہدایت تاجدار بے نظیر
دمبدم کہتا ہون تم سے عاجز کمتر حقیر
کر نظر بخشش کی مجھہ پر یا محیّ الدین پیر

حق کیا ہے تجھہ چرنکا فرش نت عرش برین
حاملان عرش تیرے ہین سدا خدمت گزین
تو سراپی کُنت کنزاً کا ہی نت خلوت نشین
واصلان الکُرّہ ہین لاکن قرب تجھہ ثانی نہین
کر نظر بخشش کی مجھہ پر یا محیّ الدین پیر

کشف تیرا ہی یقین از عرش تا تحت الثری
مدح گو تجھہ مرتبے کا عالم ہر دو سرا
مرتبہ تیرا ہی برتر سب صفت سون ماورا
بولنا حاجت نہین کچھہ تم سون اپنا ماجرا
کر نظر بخشش کی مجھہ پر یا محیّ الدین پیر

عارفان مین تو تجھ ہی معروف از روز ازل — باجتا ہی عرش پہ تیری کرامت کا طبل
روز و شب فرمانبر ہین سارے کواکب اور زحل — بوجتے ہین اولیا سب اس سخن کو بر محل

کر نظر بخشش کی مجھ پر یا محیّ الدین پیر

عرصۂ لاہوت اور میدان دین کے شہسوار — مخزن راز الٰہی کا تو ہر حق رازدار
گنج مخفی اور بطون پایا ہے تجھ سون آشکار — ہون ہمیشہ تجھ کرم اور لطف کا امیدوار

کر نظر بخشش کی مجھ پر یا محیّ الدین پیر

ہیت ثنا خوانی مین تیرے رات دن سب بحر و بر — ہین سدا فرمان روا تجھ حکم کے جن و بشر
ہے لقب محبوب حق اور شاہ جیلان اشتہر — معصیت کے مرض کو بس تجھ کرم کی اک نظر

کر نظر بخشش کی مجھ پر یا محیّ الدین پیر

مستفیدان کا ہے فیض رس تیرا جناب — نکتہ راز نہان تجھ درس سون حاصل شتاب
ایک ذرہ تجھ کرم کا ہے دو جگ کا آفتاب — بندۂ کمتر کو اپنے رکھ تو بر راہ صواب

کر نظر بخشش کی مجھ پر یا محیّ الدین پیر

مجمع فضل و عطا او منبع احسان ہے — عارفان کا تو سراسر دین اور ایمان ہے
روح تیرا بخشتے مجھ قالب بیجان ہے — وصف کرنیکا مجھے کان طاقت و امکان ہے

کر نظر بخشش کی مجھ پر یا محیّ الدین پیر

رکھ نوازش اور کرم اپنا سدا یارب کریم — بس کفایت تجھ لقا کا دیکھنا ہی ای رحیم
پشتیبان تجھ سا ہے جسکو کیا اسے پھر خوف و بیم — دم بدم شاید ہو تجھ بخشش یہ کہتا ہی علیم

کر نظر بخشش کی مجھ پر یا محیؐ الدین پیر

تمت تمام شد

بیمن توفیق خداوند دو جہان یہہ دیوان حقایق تبیان مجمع انوار لاہوتی محرم اسرار جبروتی قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین سحر کلام معجز نظام طور سخن کے کلیم اللہ جناب علیم اللہ طاب ثراہ کہ جنکا کلام معجز نظام تمام بادۂ حقایق معرفت الٰہی سے لبریز ہی و عشق حقیقی شاہد رعنای ازل انگیز اور اس خطہ کوکن مین جنکا نام نامی مشہور ہی بلکہ معروف نزدیک و دور ہی مگر آپکا دیوان کامل کہین دستیاب نہوتا تھا اور اکثر شایقین اس دُرِّ یتیم کے بدل و جان طالب آخر بعد نہایت سعی و کوشش کے چند دیوانین فراہم کرکے ایک دیوان کامل بنایا اور مشتاقین کلام جناب مرحوم مغفور کے لئے حسب تمنائے مشفقی جناب صالح محمد خان بن خلیل محمد خان اورنگر سے کے اضعف عباد اللہ الکریم قاضی ابراہیم بن قاضی نور محمد صاحب پلبندری نے بعد تصحیح تمام و تنقیح مالا کلام کے مطبع گلستان کشمیر واقع

معمورۂ بمبئی مین
حلیۂ طبع
سے پیراستہ

بتاریخ [illegible] ربیع الاول

[illegible]

قصیدہ

طبعزاد مفتی سید عبد الفتاح الحسینی القادری متخلص بہ اشرف حال ساکن بمبئی

خدا رحمت کرے نازل نبی صاحبکی مجلسمین — تیرا ایمان ہو کامل نبی صاحبکی مجلس مین

جہان قرآن پڑہا جاوے حدیثونکا بیان آوے — فرشتہ مغفرت لاوے نبی صاحبکی مجلس مین

رہو مومن کبھی کاہل نہی رحمت مین ہو شامل — ثواب آخرت حاصل نبی صاحبکی مجلس مین

ہے آل مصطفےٰ اطہر صحابی ہین سبھی اختر — فرشتے آتے ہین اکثر نبی صاحبکی مجلسمین

درودونکو پڑہو دل سے وعظ ہو مرد کامل سے — سنو علمای فاضل سے نبی صاحبکی مجلسمین

ابوبکرؓ و عمرؓ شیخین ہین عثمانؓ و علیؓ ختنین — بتول پاک اور حسنین نبی صاحبکی مجلسمین

سبھی اصحاب حضرت پاس چچا ہین حمزہؓ و عباسؓ — شفاعت کی رکھو تم آس نبی صاحبکی مجلسمین

محبت یہان جنہونکی ہے شفاعت پھر انہونکی ہے — جماعت مومنونکی ہے نبی صاحبکی مجلس مین

اگر ایمان ہے حاصل وہ کل جنت مین ہو داخل — تو جلدی آج ہو شامل نبی صاحبکی مجلس مین

زبان چلتی ہے توبہ کر درودان پڑہ محمد پر — دل و جان سے تو ہو حاضر نبی صاحبکی مجلس مین

جو عالم کی کرے خدمت کرے اوسپر خدا رحمت — نبی راضی ہوا ز امت نبی صاحبکی مجلس مین

مسائل دین کے سنتا دل و جان سے عمل کرنا — امید مغفرت رکھنا نبی صاحبکی مجلس مین

وعظ مین آگے بیٹھے جب تیرا دل ہووے روشن تب — گنہ سب بخش دیوے رب نبی صاحبکی مجلس مین

پڑہو تم کلمہ تمجید کرو اللہ کی تحمید — یہ سنت کی کرو تقلید نبی صاحبکی مجلس مین

کلام اللہ کو پڑہ لیو حدیثونکا بیان پڑہو — پڑہو اشرف درودونکو نبی صاحبکی مجلس مین